سوال

محرم کے بغیر سفرحج

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ایک عورت حج پر جانا چاہتی ہے، اس کا شوہر نہیں ہے، اس کا بیٹا حج ہاؤس تک اس کے ساتھ جائے گا، پھر مکہ اور مدینہ میں اس کا دوسرا بیٹا اس کے ساتھ مل کر اس کو حج کروائے گا، کیا ایسا سفر کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس عورت کا حج صحیح ہے، لیکن محرم کے بغیر اس کا یہ فعل اور سفر حرام ہے، کیونکہ کسی عورت کے لئے محرم کے بغیر سفر کرنا جائز نہیں ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارکہ ہے:

«لاتسافر المرأة الا مع ذی محرم» (بخاری: 1862)

''عورت کسی محرم کے بغیر سفر نہ کرے۔''

مزید تفصیل کے لئے فتوی نمبر (1332) پر کلک کریں

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ